Class: VIII (Term-II)

Model Question Paper of Urdu Elective (2021-2022)

نمونے کا پرچہ سوالات جماعت آٹھویں (اردو الیکٹیو)

کل نمبر 50 وقت: 2:00 گھنٹے

خوش خط لکھائی کے لیے 2 نمبر ہوں گے۔

سوال نمبر ۱: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب تحریر کریں۔ (10)

۱۔ خط کو آدھی ملاقات کیوں کہا جاتا ہے؟

۲۔ گینڈے کے سینگ کو اس کا دشمن کیوں کہا جاتا ہے؟

۳۔ عورت پتھر کیوں پھینک رہی تھی؟

۴۔ یوسف نے اپنے استاد کوئی گھڑی کیوں بھیجی؟

۵۔ مولانا ابوالکلام کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

سوال نمبر ۲: کوئی تین اشعار کا مطلب لکھیں؟ (6)

دور کہیں سے ٹھنڈے ٹھنڈے تیز ہوا کے جھونکے آئے

کاندھوں پر وہ اپنے اٹھا کر چھوٹے چھوٹے بادل لائے

ان کو دیکھ کے اور بھی برسا نور مسرت کا تاروں سے

کوئی چھپا اور کوئی نکلا بادل کے ان انباروں سے

یا شبنم کے قطرے چمکیں او جھل ہو کر کلی کلی میں

سوال نمبر ۳: دیئے گئے مناسب الفاظ سے خالی جگہ پُر کریں۔ (3)

۱۔ آ جاؤ دیکھائیں تمہیں.........کے نظارے (جنّت / دنیا)

۲۔ ....بھی اگر دو گے تو پاؤ گے نہ ان کو (موتی / ہیرے)

۳۔ بس علم کے آکاش.........کے ورق ہیں۔ (رسالوں / کتابوں)

سوال نمبر ۴: دیئے گئے الفاظ و محاوروں میں سے کسی چار کو جملوں میں استعمال کریں۔ (8)

صلاحیت، مشورہ، یقین، ہاتھ پھیلانا، سر آنکھوں پر بٹھانا، ہاتھ آنا

سوال نمبر ۵: درج ذیل لفظوں کے متضاد لکھیے۔ (3)

شروع، پاس، ڈوبنا

سوال نمبر ۶: ''دان'' لگا کر دو لفظ بنا کر لکھیے۔ (2)

سوال نمبر ۷: اسکول کے پرنسپل صاحب کے نام شادی میں شامل ہونے کے لیے تین دن کی چھٹی کی درخواست لکھو۔ (8)

سوال نمبر 8: دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔ (8)

گورونانک دیو جی، عید، میرا پسندیدہ کھیل

☆☆☆